Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
روزنامہ
DAILY IDEAL PAKISTAN
آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی
0333-9233351
ملتان
اسلام آباد
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: عارف محمود قریشی
جلد 14 | پیر 16 دسمبر 2024ء 13 جمادی الثانی 1446ھ | قیمت 15 روپے | شمارہ 94

سول نافرمانی کا معاملہ ابھی واضح نہیں جب کلیئر ایاں آئیں گی تو دیکھیں گے، علی گنڈاپور

آنسو گیس ہمارے لیے پرفیوم بن گئی، ہمارے 12 لوگ جاں بحق ہوئے، کچھ خوف کی وجہ سے اپنے آپ کو شو نہیں کر رہے، افغانستان کیساتھ ہمیں مذاکرات کرنے چاہئیں، دہشتگرد بارڈر کراس کر جاتے ہیں تو ہماری پہنچ سے دور ہو جاتے ہیں

وفاق سے خیبر پختونخوا کے پیسے لینے میں مشکلات ہیں لیکن ہم لیکر رہیں گے، آئی ایم ایف پروگرام کے تحت سب سے بہترین کارکردگی کے پی کی ہے، صوبائی حکومت امن وامان بہتر بنانے پر کام کر رہی ہے، دہشتگردی کو بھی کنٹرول کر لیں گے

پشاور (مینٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کا کہنا ہے کہ سول نافرمانی کی تحریک کا فیصلہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کا ہے، ان کا جو بھی فیصلہ ہوگا اس پر من وعن عمل کریں گے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور کا کہنا تھا وفاق میں ہماری حکومت نہیں ہے جس کی وجہ سے ہمیں مسائل کا سامنا ہے، وفاق سے خیبر پختونخوا کے پیسے لینے میں مشکلات ہیں لیکن ہم لیکر رہیں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ کے پی میں کام ہو رہا ہے تبھی تو ہمارا ریونیو بڑھ رہا ہے، لوگوں کے مسائل حل ہو رہے ہیں، آئی ایم ایف پروگرام کے تحت سب سے بہترین کارکردگی کے پی کی ہے، صوبائی حکومت امن وامان بہتر بنانے پر کام کر رہی ہے، دہشتگردی کو بھی کنٹرول کر لیں گے، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں فورسز قربانیاں دے رہی ہیں۔ ایک سوال کے جواب (بقیہ نمبر 1)

پنجاب اسمبلی کا اجلاس (آج) شروع ہوگا، ایجنڈا جاری

اراکین اسمبلی کی تنخواہوں میں اضافے کا بل متعارف کرا کے اسی روز منظور کرانا بھی ایجنڈے میں شامل

لاہور (سیاسی رپورٹر) اپوزیشن کی ریکوزیشن پر پنجاب اسمبلی کا اجلاس آج (پیر) دوپہر دو بجے شروع ہوگا۔ اجلاس کی صدارت قائمقام اسپیکر ظہیر اقبال چنڑ کریں گے۔ ایجنڈے کے مطابق اجلاس میں محکمہ ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول سے متعلق سوالات اور توجہ دلاؤ نوٹسز کے جوابات دیئے جائیں گے۔ ایجنڈے کے مطابق سرکاری بزنس بھی نمٹایا جائے گا جس میں اراکین (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پولیو کیخلاف جنگ میں جیت تک وزیر اعظم کے زیر اہتمام

پولیو کیخلاف جنگ میں تعاون پر بین الاقوامی شراکت داروں کے شکر گزار ہیں، سعودی عرب، بل گیٹس فاؤنڈیشن اور ڈبلیو ایچ او کا تعاون قابل ستائش ہے، پاکستان سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے سعودی ولی عہد کا کردار قابل قدر ہے

پولیو ورکرز کی ملک کے طول وعرض میں خدمات قابل ستائش ہیں، پولیو ورکرز مرض کے خاتمے کے لیے جرات اور بہادری کیساتھ شبانہ روز مصروف ہیں، اس بار پولیو کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ کر کے دم لیں گے، شہباز شریف کا شرکا سے خطاب

اسلام آباد (مینٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ صوبوں کیساتھ ملکر پولیو کیخلاف جنگ جیتیں گے۔ انسداد پولیو مہم کے حوالے سے تقریب میں بطور مہمان خصوصی وزیر اعظم شہباز شریف کا شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ ملک میں 60 پولیو کیسز کا سامنے (بقیہ نمبر 31)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو چین کا دورہ مکمل ہونے پر ایئرپورٹ پر رخصت کیا جا رہا ہے

یونان میں کشتی حادثہ، محسن نقوی کا پاکستانیوں کی اموات پر اظہار افسوس

پاکستانیوں کی کشتی حادثے میں اموات کی تحقیقات کا حکم، ایڈیشنل سیکریٹری داخلہ کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دیدی

ایتھنز (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے یونان کے جنوبی جزیرے کے قریب کشتی الٹنے کے واقعہ میں پاکستانیوں کی اموات پر اظہار افسوس کیا ہے۔ محسن نقوی نے غیر قانونی طور پر یورپ جانے والے پاکستانیوں کی کشتی حادثے میں اموات کی تحقیقات کا حکم دیتے ہوئے (بقیہ نمبر 33)

انسانی اسمگلنگ قبیح عمل ہے، صدر آصف زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر آصف زرداری نے یونان کے جنوبی جزیرے کے قریب کشتی الٹنے کے واقعے میں (بقیہ نمبر 32)

دھمکیوں کا سلسلہ بند ہونا چاہیے، پی ٹی آئی ملک مضبوط نہیں دیکھنا چاہتی، عطا تارڑ

بشریٰ بی بی نے علی امین گنڈاپور پر پتھراؤ کروایا، علی امین گنڈاپورا، بشریٰ بی بی دونوں نے دوڑ لگائی، میرا پھر وہی سوال ہے کہ دوڑ کیوں لگائی؟

غیر ملکی میڈیا کو کے پی میں بلا کر گمراہ کن باتیں بتائی جا رہی ہیں، آپ نے 26 نومبر کو بھی آرٹیفشل انٹیلی جنس سے تصاویر اور ویڈیو بنائیں

اسلام آباد (مینٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور نے چند الزامات لگائے، تو م کو کچھ حقائق بتانا ضروری ہیں، غیر ملکی میڈیا کو کے پی میں بلا کر گمراہ کن باتیں بتائی جا رہی ہیں، انہوں نے غیر ملکی میڈیا کو گمراہ کن حقائق بتائے، آپ نے 26 نومبر کو بھی آرٹیفشل انٹیلی جنس سے تصاویر اور ویڈیو بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ پر اپنے ہی ورکرز نے پتھراؤ کیا اور پھر گارڈز نے فائرنگ کی جس کی فوٹیج سامنے آگئی ہے، بشریٰ بی بی نے علی امین گنڈاپور پر پتھراؤ کروایا، علی امین گنڈاپورا، بشریٰ بی بی دونوں نے دوڑ لگائی، میرا پھر وہی سوال ہے کہ دوڑ کیوں لگائی؟ عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ آپ (بقیہ نمبر 8)

پی ٹی آئی مدین پنجاب سول سیکرٹریٹ و منیجمنٹ کمپنی کیلئے غیر قانونی طور پر گاڑیاں خریدنے کا انکشاف

310 گاڑیاں سرکاری منظوری کے بغیر غیر قانونی طور پر خریدی گئیں، گاڑیوں کی خریداری کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز سے بھی منظوری نہیں لی گئی

پیرا رولز نظر انداز کر کے پیشگی رقم ادا کی گئی، گاڑیوں کی غیر قانونی خریداری کی تحقیقات کے لیے متعلقہ افسران کو طلب کیا جائے گا، رپورٹ

لاہور (مینٹرنگ ڈیسک) پنجاب میں سولڈ ویسٹ مینجمنٹ کے لیے پی ٹی آئی دور میں غیر قانونی طور پر 2 ارب 12 کروڑ 30 لاکھ روپے کی گاڑیاں خریدے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ پنجاب پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی رپورٹ میں انکشاف سامنے آیا ہے کہ 310 گاڑیاں سرکاری منظوری کے بغیر غیر قانونی طور پر خریدی گئیں۔ گاڑیوں کی خریداری کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز سے بھی منظوری نہیں لی گئی جبکہ گاڑیوں کی خریداری کے لیے پیرا رولز نظر انداز کر کے پیشگی رقم ادا کی گئی۔ خریدی گئی گاڑیوں میں 68 متعدد بی فوسوٹرک، ہینو کے 114 بڑے ٹرک، ہینو کے 80 چھوٹے ٹرک اور 48 رکشہ شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق گاڑیوں کی غیر قانونی خریداری کی تحقیقات کے لیے متعلقہ افسران کو طلب کیا جائے گا۔

کراچی، چیف آف نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف بحرین کے دورے کے موقع پر تقریب میں لیکچر دے رہے ہیں

وزیر داخلہ کی سعودی ہم منصب سے ملاقات، پاک سعودیہ تعلقات پر تبادلہ خیال

سعودی عرب ہمارا بااعتماد دوست، ولی عہد محمد بن سلمان کے وژن 2030 نے ترقی وخوشحالی کی تاریخ رقم کی ہے، محسن نقوی

پاکستان کے ساتھ انتہائی قریبی تعلقات ہیں، باہمی تعلقات میں مزید آگے کی طرف دیکھ رہے ہیں، سعودی وزیر مملکت کی گفتگو

ریاض/ اسلام آباد (مینٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ریاض پہنچ گئے جہاں ان کی سعودی ہم منصب سے ملاقات ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور پاک سعودیہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سعودی وزیر مملکت برائے داخلہ ڈاکٹر خالد محمد عبداللہ المتال اور سعودیہ میں (بقیہ نمبر 3)

رانا ثناءاللہ کا بیان سراسر جھوٹ اور الزام تراشی پر مبنی ہے، ترجمان پی ٹی آئی

اسلام آباد (آئی این پی) ترجمان پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم کے مشیر رانا ثناءاللہ کا بیان سراسر جھوٹ اور الزام تراشی پر مبنی (بقیہ نمبر 5)

اسپیکر قومی اسمبلی کا آرمی پبلک اسکول کے شہداء کو خراج عقیدت

آرمی پبلک اسکول کے شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (بیرز رپورٹ) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے آرمی پبلک اسکول پشاور کے المناک سانحے کی برسی کے موقع پر شہداء آرمی پبلک کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ 16 دسمبر 2014 کو پیش آنے والا یہ دلخراش سانحہ قومی تاریخ کا سیاہ باب (بقیہ نمبر 4)

یونان کشتی حادثہ، ہمارے سسٹم کی ناکامی ہے، حکومت کا حصہ ہوتے ہوئے سمجھتا ہوں اس معاملے کا حل اولین ترجیح ہونا چاہیے، وزیر دفاع کی گفتگو

سیالکوٹ (مینٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کبھی سول نافرمانی اور کبھی مذاکرات کی بات کرتی ہے۔ جو ماحول پی ٹی آئی نے بنا دیا ہے اس میں کوئی مذاکرات نتیجہ خیز نہیں ہو سکتے۔ سیالکوٹ میں نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو میں خواجہ آصف نے کہا کہ پی ٹی آئی سے مذاکرات شروع ہونے کی کوئی بات ان کے علم میں نہیں۔ مذاکرات کے بارے میں جو بیانات آ رہے ہیں وہ پی ٹی آئی کی جانب سے آ رہے (بقیہ نمبر 29)

جو حال پی ٹی آئی نے بنا دیا اس میں کوئی مذاکرات نتیجہ خیز نہیں ہو سکتے، خواجہ آصف

بانی پی ٹی آئی، بہنوں بشریٰ بی بی کے بیانات میں کوئی ہم آہنگی نہیں، سیاسی حالات معمول پر، مختلف پارٹیاں ہیں گلے شکوے ہوتے رہتے ہیں

مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس (آج) ہوگا

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس (بقیہ نمبر 28)

صدر لاہور چیمبر آج پریس کانفرنس کریں گے

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان اور نائب صدر شاہد نذیر چودھری آج (بقیہ نمبر 27)

بلوچستان اسمبلی کی نشست پی بی 45 کوئٹہ کے 15 حلقوں پر دوبارہ پولنگ موخر

کوئٹہ (مینٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے کہا ہے کہ بلوچستان اسمبلی کی نشست پی بی۔ 45 کوئٹہ کے 15 (بقیہ نمبر 24)

مسرت چیمہ 12 مقدمات میں آج اے ٹی سی کورٹ راولپنڈی میں پیش ہوں گی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ 9 مئی کے تناظر میں تھانوں میں درج مجموعی طور پر 12 مقدمات میں آج (پیر) کے روز انسداد (بقیہ نمبر 23)

صدیق الفاروق انتقال کر گئے، وزیر اعظم کا انتقال پر اظہار افسوس

صدیق الفاروق سابق وزیر اعظم نواز شریف کے پرنسپل سیکریٹری اور چیئرمین متروکہ وقف املاک بھی رہے

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما صدیق الفاروق انتقال کر گئے۔ اہلخانہ ذرائع کے مطابق صدیق الفاروق دل کے عارضے میں مبتلا تھے، صدیق الفاروق سابق وزیر اعظم نواز شریف کے پرنسپل سیکریٹری اور چیئرمین متروکہ وقف املاک بھی رہے۔ صدیق (بقیہ نمبر 26)

کراچی، وفاقی وزیر برائے تعلیم وفنی تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

میں نے نہیں کہا ہم حکومت چھوڑ رہے ہیں، خالد مقبول صدیقی

ایم کیو ایم پاکستان کو حکومت میں رہتے ہوئے حالات بہتر بنانے کی کوشش کرنی چاہیے، میڈیا سے گفتگو

کراچی (آئی این پی) حکومتی اتحادی متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کے سربراہ خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ میں نے نہیں کہا ہم حکومت چھوڑ رہے ہیں۔ ایکسپو سینٹر کراچی میں میڈیا سے گفتگو میں خالد مقبول صدیقی نے خود سے منسوب بیان کی تردید کی اور کہا کہ انہوں (بقیہ نمبر 25)

مدارس رجسٹریشن بل، جے یو آئی نے پی ٹی آئی سے مدد مانگ لی

اسد قیصر اور سینیٹر کامران مرتضیٰ کے درمیان ملاقات، سیاسی صورتحال پر مشاورت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام (ف) نے مدارس رجسٹریشن ترمیمی بل کے حوالے سے خیبر پختونخوا میں قانون سازی کے لئے پی ٹی آئی سے مدد مانگ لی۔ تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر اور جے یو آئی ف کے سینیٹر کامران مرتضیٰ کے درمیان ملاقات میں سیاسی (بقیہ نمبر 7)

حکومت کی کوئی رٹ اور سوچ نہیں، شاہد خاقان عباسی

سیکشن 4 لوگوں کے کاروبار تباہ کرنے کیلئے نہیں ملکی معاملات کیلئے لگتا ہے، سابق وزیر اعظم

مری (آئی این پی) سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ حکومت کی کوئی رٹ اور سوچ نہیں ہے، عوام سے مشاورت کے ساتھ مری میں منصوبے شروع کیے جائیں، (بقیہ نمبر 10)

پی ٹی آئی ہمیشہ مذاکرات کے حق میں رہی ہے، شیخ وقاص اکرم

حکومت نے اداروں اور عوام کو آمنے سامنے کھڑا کرنے کی مذموم سازش کی

اسلام آباد (آئی این پی) سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی شیخ وقاص اکرم نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ہمیشہ مذاکرات کے حق میں رہی ہے، اسٹیبلشمنٹ ہاتھ اٹھالے تو پنجاب اور وفاقی حکومت (بقیہ نمبر 10)

لاہور، پی ٹی آئی کے احتجاج کے پیش نظر پولیس نے لاہور پریس کلب کے باہر کانٹینر کھڑی کر کے بند کر رکھا ہے

سال کی آخری انسداد پولیو مہم کا آغاز آج سے ہوگا

پولیو کے خلاف جاری جدوجہد میں ہمارے فرنٹ لائن ورکرز حقیقی ہیرو ہیں، عائشہ رضا فاروق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو عائشہ رضا فاروق نے کہا ہے کہ ملک میں آج 16 دسمبر سے 22 دسمبر تک 143 مخصوص اضلاع میں انسداد (بقیہ نمبر 30)

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں (آج) عام تعطیل کا اعلان

ضلع بھر میں (آج) پیر کو تمام تعلیمی ادارے بند رہیں گے، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں (آج) پیر 16 دسمبر کو عام تعطیل کا اعلان کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر عرفان نواز میمن نے کہا کہ ضلع بھر میں (آج) پیر کو تمام (بقیہ نمبر 20)

امیر مقام کا صدیق الفاروق کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور متروکہ وقف املاک بورڈ کے (بقیہ نمبر 19)

نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف کی بحرین کے اعلیٰ سول اور فوجی قیادت سے ملاقاتیں

منامہ (آئی این پی) سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے بحرین کا دورہ اور اعلیٰ سول اور فوجی قیادت سے (بقیہ نمبر 18)

سربراہ پاک بحریہ کا بحرین کا دورہ اور اعلیٰ سول اور فوجی قیادت سے ملاقاتیں

کراچی (این این آئی) چیف آف دی نیول اسٹاف، ایڈمرل نوید اشرف (بقیہ نمبر 6)

سانحہ اے پی ایس، سقوط ڈھاکہ، لاہور کے پبلک و پرائیویٹ سکول وکالجز آج بند رہیں گے

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے تمام پبلک و پرائیویٹ (بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سعودی ہم منصب سے ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی نے نوجوانوں کو مخالفین کے خلاف گالیاں نکالنا سکھایا، رانا ثناءاللہ

اگر ملک میں خدمت کا سفر جاری رہتا تو پاکستان بڑی معیشتوں میں شامل ہوتا، ملک سے نفرت کی سیاست کا خاتمہ کرنا ہوگا

خیبر پختونخوا حکومت نے تین دفعہ اسلام آباد پر حملہ کیا، ڈی چوک پر پٹھان کھڑے تھے، علی امین گنڈاپور، بشریٰ بی بی بھاگ گئے

فیصل آباد (مینٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم کے مشیر رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف نے نوجوانوں کو مخالف سیاست دانوں کو گالیاں نکالنا سکھایا۔ فیصل آباد میں وزیر اعظم کے مشیر رانا ثناءاللہ کا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ اگر ملک میں خدمت کا سفر جاری رہتا تو پاکستان بڑی معیشتوں میں شامل ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو مخالف سیاست دانوں کو گالیاں نکالنا سکھایا گیا، ملک سے نفرت کی سیاست کا خاتمہ کرنا ہوگا، اوئے (بقیہ نمبر 10)

بشار الاسد حکومت کا خاتمہ، ڈالر کے مقابلے شامی پاؤنڈ کی قدر میں نمایاں اضافہ

دمشق (آئی این پی) بشار الاسد کے اقتدار کے خاتمے کے بعد شامی پاؤنڈ کی قدر (بقیہ نمبر 14)

سقوط ڈھاکا کو 53 برس مکمل ہو گئے

لاہور (این این آئی) سقوط ڈھاکا کو 53 برس مکمل ہو گئے۔ قیام پاکستان کے 24 بعد آج ہی کے دن ملک کا مشرقی بازو ہم سے (بقیہ نمبر 15)

یونان کشتی حادثہ، ایسے واقعات کو روکنے میں ایف آئی اے کا اہم کردار ہوتا ہے، بشیر میمن

کراچی (بیورو رپورٹ) سابق ڈی جی ایف آئی اے بشیر میمن نے یونان (بقیہ نمبر 16)

محسن نقوی کا سعودی عرب کے پبلک سیکورٹی پولیس ہیڈ کوارٹر کا دورہ

پولیس ٹریننگ کے ضمن میں تعاون کو فروغ دے کر ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کیا جا سکتا ہے

ریاض (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سعودی عرب کے پبلک سیکورٹی پولیس ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا۔ پبلک سیکورٹی کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل محمد البسامی نے وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

سانحہ کشتی حادثہ، یونان میں پاکستانی سفارتخانے میں خصوصی سیل قائم

47 کے بجائے 11 پاکستانی جاں بحق ہونے کی تصدیق

خصوصی سیل یونانی جزیرے کے قریب کشتی ڈوبنے کے واقعے میں پاکستانیوں کی شناخت اور ورثاء کی اپنے پیاروں تک رسائی یقینی بنائے گا

سفارتخانے کے اہلکار بازیاب کرائے گئے پاکستانیوں سے ملنے کریٹ پہنچ گئے، ہر قسم کی مدد فراہم کرنے کیلئے کریٹ میں موجود ہیں، دفتر خارجہ

اسلام آباد (مینٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف کی ہدایت پر کشتی حادثہ کی معلومات کیلئے یونان میں پاکستانی سفارتخانے میں خصوصی سیل قائم کر دیا گیا۔ خصوصی سیل یونانی جزیرے کے قریب کشتی ڈوبنے کے واقعے میں پاکستانیوں کی شناخت اور ورثاء کی اپنے پیاروں تک رسائی یقینی بنائے گا، یونان میں پاکستانی سفارتخانے نے کشتی ڈوبنے کے افسوسناک واقعے میں پاکستانیوں کی شناخت کیلئے +30-6943850188 (بقیہ نمبر 17)

حافظ طاہر اشرفی کے چھوٹے بھائی حافظ محمد احمد انتقال کر گئے

نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، صدر، وزیر اعظم سمیت دیگر کا اظہار تعزیت

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی کے چھوٹے بھائی حافظ محمد احمد انتقال کر گئے جنہیں نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد مقامی قبرستان میں سپرد (بقیہ نمبر 21)

وفاقی حکومت آئین کی خلاف ورزیوں سے باز رہے، نثار کھوڑو

وفاق 18 ویں آئینی ترمیم کو رول بیک کرنے کا پلان بنا رہا ہے، میڈیا سے گفتگو

لاڑکانہ (آئی این پی) چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی سندھ نثار کھوڑو نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت آئین کی خلاف ورزیوں سے باز رہے۔ لاڑکانہ میں میڈیا سے گفتگو میں پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 22)

ڈیلاس، انسانی حقوق کی مختلف تنظیموں کی جانب سے ڈاکٹر عافیہ کی رہائی کیلئے ایف ایم سی کارسویل جیل کے باہر ریلی نکالی جا رہی ہے

پشاور، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور شہدائے ڈی چوک کے ایصال ثواب کیلئے منعقدہ دعائیہ اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں



قادر خان یوسف زئی

اسرائیل کا جنوبی علاقوں پر قبضہ، بمباری کے چیلنجز نئے شامی حکمرانوں کا امتحان اور کارکردگی

شام کا مستقبل ایک طویل اور مشکل راستہ

شام کی جنگ کے بعد جائیدادوں کی واپسی اور بے گھر افراد کے حقوق کی بحالی ایک اہم مسئلہ

شامی حکومت بالآخر گر چکی، سابق صدر بشار الاسد ملک چھوڑ چکے ہیں، اور شامی عوام آزادی کی خوشی میں جشن منا رہے ہیں۔ دہائیوں تک ظلم و ستم، خوف اور جبر کا سامنا کرنے والے عوام اب آزاد فضا میں سانس لے رہے ہیں۔ ان قید خانوں سے رہائی کی تصاویر جہاں کبھی اذیت اور خوف کا راج تھا، عوام کے لیے امید کا پیغام بن چکی ہیں کہ ان کا ملک اب جبر و استبداد کے شکنجے سے آزاد ہو چکا ہے۔ برسوں سے شامی عوام یہ خواب دیکھتے آئے ہیں کہ ان کا ملک ظلم کے خاتمے کے بعد کیسا دکھائی دے گا۔ اب یہ لمحہ آ پہنچا ہے، اور شام کے مستقبل کو تعمیر کرنا اب محض خواب نہیں بلکہ ایک عملی چیلنج بن چکا ہے۔ مگر یہ نئی منزل ایک پرامید مگر مشکل جدوجہد کا تقاضا کرتی ہے۔ تیرہ سالہ جنگ اور اسد خاندان کی 54 سالہ حکمرانی کے زخموں سے نبرد آزما عوام اب انصاف، احتساب اور معاہدے جیسے بنیادی مسائل کے جواب تلاش کرنے کی راہ پر گامزن ہیں۔

شام کی مکمل تعمیر نو کے اخراجات کا تخمینہ 280 ارب ڈالر سے زیادہ ہے، اور بعض جائزوں کے مطابق یہ رقم 1 کھرب ڈالر تک جا سکتی ہے۔ ورلڈ بینک کے نقصان کے جائزے کے مطابق صرف جسمانی انفراسٹرکچر کی تعمیر نو کے اخراجات 6.3 ارب ڈالر سے لے کر 8.5 ارب ڈالر تک ہیں، جو 14 بڑے شہروں میں پھیل چکے ہیں۔ نقصانات کا ایک بڑا حصہ جسمانی انفراسٹرکچر کے شعبوں پر عائد ہوا ہے، جس میں نقل و حمل، بجلی، پانی کی فراہمی، صفائی اور زراعت شامل ہیں۔ جنوری 2022 تک ان شعبوں میں ہونے والے نقصان کا تخمینہ 5.8 ارب ڈالر سے 7.8 ارب ڈالر کے درمیان تھا، جو کل نقصان کا تقریباً 68% بنتا ہے۔ اس تنازع سے اسپتالوں، اسکولوں، سڑکوں اور رہائش جیسے اہم انفراسٹرکچر کی وسیع سطح پر تباہی کا باعث بنے۔ رپورٹس کے مطابق 40% شام کا انفراسٹرکچر تباہ ہو چکا ہے۔ جنگ نے ایک بحران پیدا کیا ہے جس کے نتیجے میں 13.4 ملین افراد بے گھر ہو چکے ہیں، اور غربت کی سطح میں زبردست اضافہ ہوا ہے، جس کا اثر تقریباً 86% آبادی پر ہوا ہے۔

سب سے پہلا سوال ان جنگی جرائم اور مظالم کا احتساب ہے جو اسد حکومت کے دور میں روا رکھے گئے۔ شامی عوام نے بے مثال قربانیاں دی ہیں ہے۔ اسد حکومت کے سابق حکام کے خلاف جرمنی میں ہونے والے مقدمات نے کئی متاثرین کو انصاف فراہم کیا، اور یہ مقدمات شامی عدالتی نظام کے لیے ایک مثال بن سکتے ہیں۔ شام کی جنگ، جو 2011 سے جاری رہی، نے زبردست انسانی جانی نقصان اور تکالیف کا سبب بنی۔ اس دوران کل اموات کا تخمینہ 507,000 سے لے کر 613,400 تک ہے۔ شام کے انسانی حقوق کے نگران ادارے (SOHR) نے رپورٹ کیا کہ مارچ 2023 تک کم از کم 503,064 افراد کی اموات کی دستاویز کی گئی ہیں، جن میں سے شہری اموات کا تخمینہ 162,390 تھا، جن میں سے شام کی حکومت اور اس کے اتحادی 139,609 اموات کے ذمہ دار ہیں۔ باغیوں نے عام معافی کا اعلان تو کیا ہے تاہم شامی عوام انصاف چاہتے ہیں۔ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے دفتر نے مارچ 2021 تک اندازہ لگایا کہ جنگ کے باعث 306,887 شہری ہلاک ہو چکے ہیں۔ ہلاک ہونے والوں میں تقریباً 27,126 بچے اور 15,000 سے زیادہ خواتین شامل ہیں۔ جنگ کے انتشار اور طبی رپورٹنگ کی کمی کی وجہ سے زخمیوں کی تعداد کا درست اندازہ لگانا مشکل ہے۔ تاہم یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ جنگ کے دوران لاکھوں افراد زخمی ہوئے ہیں۔ شام کے انسانی حقوق کے نیٹ ورک نے رپورٹ کیا کہ جنگ کے آغاز سے اب تک حکومت نے تقریباً 150,000 افراد کو حراست میں لیا۔ ان حراستی کارروائیوں میں تشدد اور غیر انسانی سلوک کے الزامات شامل ہیں۔ یہ تخمینہ لگایا گیا ہے کہ کم از کم 55,000 شہری حکومت کے زیر انتظام جیلوں میں تشدد کے باعث ہلاک ہو چکے ہیں۔ شام کی جنگ نے زبردست انسانی جانی نقصان اور مسلسل بحرانوں کو جنم دیا ہے۔ پانچ لاکھ سے زائد اموات، زخمیوں اور حراست میں لیے جانے والوں کی بڑی تعداد کے ساتھ، یہ تنازع شام کی آبادی کو گہرے اثرات مرتب کر چکا ہے۔ قیدیوں کی بڑی تعداد میں رہائی سے جہاں اسیروں کے اہل خانہ خوشی سے نہال ہیں تو دوسری جانب تحفظات بھی ہیں کہ انتہا پسند عناصر بھی سیاسی قیدیوں کی آڑ میں رہا ہو سکتے ہیں۔

شام کی تعمیر نو کے لیے پابندیوں میں نرمی اور مالی امداد ناگزیر ہیں، روانڈا اور یوگوسلاویہ جیسے ممالک کی مثالیں ہمارے سامنے ہیں جہاں بین الاقوامی اصولوں نے مقامی حالات کو نظر انداز کر دیا۔ شام کو ایک ایسے مصالحتی عمل کی ضرورت ہے جو اس کی اپنی سماجی اور سیاسی حقیقتوں پر مبنی ہو تاکہ شامی عوام اس عمل کو اپنا محسوس کریں۔ شام پر عائد عالمی پابندیاں وسیع اور متعدد پہلوؤں پر مشتمل ہیں، جو بنیادی طور پر جاری خانہ جنگی اور اسد حکومت کے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے جواب میں لگائی گئیں۔ ان پابندیوں کا مقصد شام کی حکومت پر دباؤ ڈالنا تھا تاکہ وہ شہریوں کے خلاف جنگی کارروائیاں بند کرے اور سیاسی اصلاحات کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ شام پر عائد پابندیوں میں اقتصادی پابندیاں، اثاثوں کی منجمدی، سفری پابندیاں اور ہتھیاروں کی پابندیاں شامل ہیں۔ امریکہ نے مختلف ایگزیکٹو آرڈرز کے تحت وسیع پیمانے پر پابندیاں عائد کی ہیں، جن میں ایگزیکٹو آرڈر 13582 شامل ہے، جو شام کی حکومت اور اس کے حامیوں کو ہدف بناتا ہے۔ یورپی یونین نے حکومت سے وابستہ متعدد افراد اور اداروں پر پابندیاں عائد کیں، جن میں جنوری 2024 تک چھ افراد اور پانچ اداروں کا اضافہ شامل ہے۔ کینیڈا، آسٹریلیا، سوئٹزرلینڈ، ترکی اور عرب لیگ کے ارکان نے بھی شام کے خلاف پابندیاں عائد کیں۔

مارچ 2022 تک، شام کو عالمی سطح پر تیسری سب سے زیادہ پابندیوں کا شکار ملک قرار دیا گیا تھا۔ امریکی پابندیوں کی فہرست میں شام کی حکومت سے وابستہ 600 سے زیادہ افراد اور ادارے شامل ہیں۔ ان پابندیوں کا مجموعی اثر شام پر تمام تجارتی اور مالی روابط کی منسوخی کی صورت میں ہوا۔ اس نے شام کے بینکوں اور کاروباری اداروں کو عالمی منڈیوں تک رسائی میں شدید رکاوٹ ڈالی۔ امریکی پابندیاں خاص طور پر اثر انداز ہوئی کیونکہ یہ ثانوی نوعیت کی رہیں، جو تیسری پارٹی کے ممالک کو متاثر کرتی ہیں جو شام کے ساتھ تجارت کرتے ہیں۔ اگرچہ پابندیاں وسیع ہیں، لیکن انسان دوست امداد کی ترسیل کے لیے کچھ استثنات موجود رہیں۔ تاہم، ان استثنات پر تنقید کی جاتی رہی کہ یہ شام میں بحران کو حل کرنے کے لیے ناکافی تھی۔ شام کے خلاف عالمی پابندیوں کا نظام متعدد ممالک کی طرف سے اسد حکومت کو خانہ جنگی کے دوران اس کے اقدامات کے لیے جوابدہ ٹھہرانے کی ایک مشترکہ کوشش تھی تاہم اسد رجیم کی تبدیلی کے بعد پابندی لگانے والے ممالک کا رویہ دیکھنا ہوگا کہ وہ کب تک پابندیاں اٹھا کر شام میں تباہ حال انفرا اسٹرکچر اور انسانی نقصانات میں تعاون کرتے ہیں۔

شام کی جنگ کے بعد جائیدادوں کی واپسی اور بے گھر افراد کے حقوق کی بحالی ایک اہم مسئلہ بن چکا ہے۔ جاری انسانی بحران اور جائیداد کی ملکیت کے حوالے سے پیچیدگیوں کے ساتھ، واپسی کو آسان بنانے کے لیے کی جانے والی حکمت عملی اور اقدامات مختلف پہلوؤں پر مشتمل ہیں۔ 2024 تک 12 ملین سے زائد شامی ابھی تک بے گھر ہیں، جن میں 6.8 ملین داخلی طور پر بے گھر افراد (IDPs) اور تقریباً 5.2 ملین پناہ گزین ہمسایہ ممالک جیسے ترکی، لبنان، اردن اور عراق میں مقیم ہیں۔ اس تنازع نے گھروں اور بنیادی ڈھانچے کی بڑی تباہی کی ہے، اور کئی جائیدادیں وفاداروں کے زیر قبضہ رہیں یا مکمل طور پر تباہ ہو چکی ہیں۔ معاوضے کا معاملہ بھی انتہائی اہم ہے۔ جنگ کے دوران بے شمار گھروں کو لوٹا اور تباہ کیا گیا، بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچا، اور ضروری خدمات کی فراہمی میں سخت خلل پڑا۔ یہ سب کچھ ایک ایسے وقت میں بحال کرنا ہوگا جب اسرائیل کے جنوبی علاقوں پر قبضے میں اضافہ ہو رہا ہے اور بمباری مسلسل جاری ہے۔ یہ چیلنجز نئے شامی حکمرانوں کی صلاحیتوں کا امتحان ہوں گے اور ان کی کارکردگی اس عمل کے مستقبل کے لیے فیصلہ کن ثابت ہوگی۔ شام کے عوام کے زخم صرف جسمانی نہیں بلکہ ذہنی اور جذباتی بھی ہیں۔ ہر کمیونٹی نے اس جنگ کو مختلف انداز میں محسوس کیا ہے، اور مصالحتی عمل کو ان تجربات کا احاطہ کرنا ہوگا۔ اختلافات اور مایوسی ناگزیر ہیں، مگر انصاف اور مفاہمت کے عمل کو وسیع اور جامع بنایا جائے تاکہ کوئی بھی طبقہ اپنے آپ کو نظر انداز محسوس نہ کرے۔

شام کا مستقبل ایک طویل اور مشکل راستہ ہے، مگر اس میں ایک بہتر کل کی امید پوشیدہ ہے۔ اگر شامی عوام اپنے ماضی سے سبق حاصل کریں، اپنی قربانیوں کو یاد رکھیں، اور انصاف، برابری، اور امن کی بنیادوں پر نئے سفر کا آغاز کریں، تو یہ مرحلہ ان کے لیے تاریخ ساز ثابت ہوگا۔ جنگ کی راکھ سے نکل کر ایک نئی شروعات کا یہ موقع شام کے عوام کے لیے ایک روشن مستقبل کا آغاز ہو سکتا ہے۔

Israeli strikes on targets in Syria since 8 Dec

صنعتکاروں اور تاجروں کا شرح سود میں 5 فیصد کمی کا مطالبہ

شرح سود میں خاطر خواہ کمی سے معاشی سرگرمیوں کو فروغ، کاروباری اداروں اور صنعتکاروں کے لیے قرض کا حصول ممکن ہو سکے گا، ایس ایم تنویر

ملک میں مہنگائی کی شرح کم ہو رہی، ایسی صورتحال میں شرح سود کم کی جائے، زبیر طفیل، فیصل معیز، خالد تواب، مظہر ناصر، غنی عثمان، عمر ریحان

کراچی (بزنس رپورٹر) بزنس کمیونٹی کے رہنماؤں ایس ایم تنویر، زبیر طفیل، فیصل معیز خان، مظہر ناصر، حاجی غنی عثمان، عمر ریحان نے حکومت اور گورنر اسٹیٹ بینک سے مطالبہ کیا ہے کہ شرح سود میں 500 بیسس پوائنٹس کی کمی کی جائے۔ یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم تنویر نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ وہ مانیٹری پالیسی میں شرح سود میں ایک ہی بار 500 بیسس پوائنٹس کی کمی کر کے اقتصادی ترقی کی حمایت کرے، حکومت شرح سود میں خاطر خواہ کمی نہ صرف معاشی سرگرمیوں کو فروغ دے گی بلکہ یہ عمل خود حکومت کے لیے بھی فائدہ مند ثابت ہوگا۔ نارتھ کراچی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (نکاٹی) کے صدر فیصل معیز خان نے گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان پر زور دیا ہے کہ نئی مانیٹری پالیسی میں شرح سود کو 4 فیصد سے 5 فیصد تک کم کیا جائے تاکہ نہ صرف حقیقی شرح سود کو پائیدار سطح کے قریب لایا جا سکے بلکہ کاروباری اداروں اور صنعتکاروں کے لیے قرض کا حصول ممکن ہو سکے۔ فیصل معیز خان نے کہا کہ ملک میں مہنگائی کی شرح کم ہو رہی ہے اور مہنگائی کی شرح گھٹ کر 4.86 فیصد کی سطح پر آ گئی ہے اور ایسی صورتحال میں اشد ضرورت ہے کہ مانیٹری پالیسی کمیٹی اپنے اجلاس میں شرح سود کم کرنے کا فیصلہ کرے تاکہ ملک میں صنعتی شعبے میں نئی سرمایہ کاری کیلئے راہ ہموار ہو سکے اور نوجوانوں کو پاکستان میں ہی روزگار کے مواقع میسر آ سکیں۔ ایف پی سی سی آئی کے سابق صدر زبیر طفیل۔ سابق سینئر نائب صدر خالد تواب اور سید مظہر علی ناصر نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ معیشت کی ترقی کے لیے پالیسی ریٹ میں 500 بیسس پوائنٹس کی کمی کرے کیونکہ حالیہ پالیسی ریٹ میں کمی سے معیشت میں خوشحالی آئی ہے، جس کا فائدہ تمام شعبوں کو ہوا ہے تاہم معیشت کی مزید ترقی کے لیے پالیسی ریٹ میں مزید نمایاں کمی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پالیسی ریٹ میں نمایاں کمی سے اقتصادی سرگرمیاں بڑھیں گی، حکومت کو فائدہ ہوگا اور مقامی سرمایہ کاروں کا اعتماد مزید مضبوط ہوگا، اس کے ساتھ ساتھ غیر ملکی سرمایہ کاری کو بھی فروغ ملے گا، جو معیشت کے لیے ضروری ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے سابق چیئرمین حاجی غنی عثمان نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ پالیسی ریٹ میں 5 فیصد تک کی کمی کر کے معاشی ترقی کی جانب پیش قدمی کرے، پالیسی ریٹ میں خاطر خواہ کمی نہ صرف اقتصادی سرگرمیوں کو فروغ دے گی بلکہ ملکی و غیر ملکی سرمایہ کار بھی صنعتی شعبے میں نئی سرمایہ کاری کی جانب راغب ہوں گے، حکومت کو چاہیئے کہ وہ پالیسی ریٹ کو سنگل ڈیجٹ میں لائے تاکہ ملک میں نئی سرمایہ کاری کیلئے سازگار حالات پیدا ہو سکیں۔ پاکستان دنیا بھی میوچلیٹی ریزرز ایسوسی ایشن (پی وی ایم اے) کے چیئرمین شیخ عمر ریحان نے اسٹیٹ بینک سے آج ہونے والے مانیٹری پالیسی کمیٹی کے اجلاس میں شرح سود کو سنگل ڈیجٹ میں کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ کئی ماہ سے افراط زر میں مسلسل کمی کا سلسلہ جاری ہے، نومبر میں مہنگائی کا تناسب 7.2 فیصد سے کم ہو کر 4.9 فیصد پر پہنچ گیا جس سے پالیسی ریٹ میں 5 فیصد سے زائد کمی ممکن ہے۔

ٹیم میں فخر زمان جیسے "گیم چینجر" کی کمی ہے، باسط علی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) سابق کرکٹر باسط علی نے کہا کہ جنوبی افریقہ کیخلاف پہلے ٹی ٹوئنٹی میں شکست کے بعد موجودہ پاکستانی ٹیم میں بائیں ہاتھ کے اوپنر فخر زمان جیسے "گیم چینجر" کی کمی ہے۔ باسط علی نے پہلے ٹی ٹوئنٹی میں شکست پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے بائیں ہاتھ کے بلے باز کی تیز رفتاری سے سکور کرنے کی صلاحیت کو اجاگر کرتے ہوئے فخر کو ٹیم میں رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ آپ کے پاس کوئی گیم چینجر نہیں ہے جو ایک اوور میں تین چھکے لگا سکے۔

رونالڈو کے بیٹے کی "انشاءاللہ" کہنے کی ویڈیو وائرل

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پرتگال کے ستار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کے بیٹے کی مسٹر بیسٹ کے کیساتھ ایک پروگرام میں سوال پر "انشاءاللہ" کہنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ گزشتہ دنوں النصر فٹبال کلب کے سابق گول کیپر ولید عبداللہ کا انٹرویو وائرل ہوا تھا جس میں وہ یہ بتا رہے تھے کہ کرسٹیانو رونالڈو حقیقی طور پر اسلام قبول کرنا چاہتے ہیں اور وہ گراؤنڈ میں سجدہ کر کے اس بات کا اظہار کر چکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ رونالڈو حقیقی طور پر اسلام قبول کرنا چاہتے ہیں اور اس کے بارے میں انہوں نے مجھ سے کئی بار بات کی اور دلچسپی بھی ظاہر کی تھی، تاہم باپ کا اثر بیٹے پر بھی آ گیا ہے جب ایک پوڈ کاسٹ کے دوران رونالڈو کے بیٹے نے "انشاءاللہ" بول کر سوالوں کو لاجواب کر دیا۔

سعودی عرب فٹبال ورلڈ کپ کی میزبانی کرنیوالا دوسرا مسلمان ملک

ریاض کے تاریخی علاقے درعیہ اور بلیوارڈ سٹی میں ہزاروں افراد نے اس لمحے کو جشن کی صورت میں منایا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) سعودی عرب قطر کے بعد فٹبال ورلڈ کپ کی میزبانی کرنے والا دوسرا مسلمان ملک بن گیا ہے۔ 2034 میں فٹبال کا سب سے بڑا ٹورنامنٹ سعودی عرب کے 5 شہروں میں منعقد ہوگا، جبکہ 15 مختلف سٹیڈیم ورلڈ کپ فٹ بال کی میزبانی کریں گے۔ فیفا کے جنرل اسمبلی اجلاس میں اس اعلان کو بڑی پذیرائی ملی، ریاض کے تاریخی علاقے درعیہ اور بلیوارڈ سٹی میں ہزاروں افراد نے اس لمحے کو جشن کی صورت میں منایا۔ فیفا کے صدر نے کہا ہے کہ فٹ بال ہی وہ واحد کھیل ہے جو دنیا کو اکٹھا کرتا ہے، ورلڈ کپ 2034 دنیا بھر کے لوگوں کے لیے شاندار موقع ہوگا۔ دوسری جانب 2030 کا فٹ بال ورلڈ کپ 3 براعظموں کے 6 ملکوں میں کھیلا جائے گا۔ عالمی کپ کی میزبانی مراکش، پرتگال اور سپین کو دی گئی ہے۔ ایونٹ کے ابتدائی 3 میچز جنوبی امریکا کے 3 ممالک پیراگوائے، ارجنٹائن اور یوراگوائے میں ہوں گے، جنوبی امریکا میں ہونے والے 3 میچز فٹبال ورلڈ کپ کی صد سالہ تقریبات کا بھی حصہ ہوں گے۔

قائداعظم ریپڈ چیس چیمپئن شپ 28 دسمبر سے شروع

لاہور (سپورٹس ڈیسک) بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے 148 ویں یوم پیدائش کے سلسلہ میں شطرنج کے عالی شان مقابلے قائداعظم ریپڈ چیس چیمپئن شپ 28 دسمبر سے شروع ہو گی۔ پاکستان چیس فیڈریشن کے زیر اہتمام قومی سطح کے اس مقابلے میں ملک بھر سے بہترین کھلاڑی حصہ لیں گے۔ سنگترہ چیس کلب لاہور کی میزبانی میں ہونے والے مقابلوں کے لئے رجسٹریشن کا آغاز ہو چکا ہے اور اب تک ملک بھر سے سینکڑوں مرد و خواتین کھلاڑی رجسٹریشن کروا چکے ہیں۔ 28 اور 29 دسمبر کو پنجاب یونیورسٹی سپورٹس سائنسز ڈیپارٹمنٹ کے ہال میں ہونے والی دو روزہ چیمپئن شپ کے فاتح کھلاڑیوں میں ٹرافی اور میڈلز کے ساتھ ساتھ ڈیڑھ لاکھ روپے کے نقد انعامات بھی تقسیم کیے جائیں گے۔

3 روز میں تیسرے پاکستانی کرکٹر کا کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستانی کرکٹرز کی جانب سے انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لینے کا سلسلہ جاری ہے اور آج ایک اور کرکٹر کی جانب سے ریٹائرمنٹ کا اعلان سامنے آیا ہے۔ فاسٹ بولر محمد عرفان نے انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ محمد عرفان نے سوشل میڈیا پر ریٹائرمنٹ کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ کیریئر کرنے پر ساتھی کھلاڑیوں کو جزاور تمام لوگوں کا شکر گزار ہوں۔ بائیں ہاتھ کے طویل القامت فاسٹ بالر محمد عرفان نے 4 ٹیسٹ، 60 ون ڈے اور 22 ٹی ٹوئنٹی میچز میں پاکستان کی نمائندگی کی۔

احمد شہزاد نے ٹیم کی حکمت عملی پر سوالیہ نشان اٹھا دیا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) قومی ٹیم کے اوپنر احمد شہزاد نے جنوبی افریقہ کیخلاف پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں شکست کے بعد مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے ٹیم کی حکمت عملی پر سوالیہ نشان اٹھا دیا۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر ٹوئٹ کرتے ہوئے لکھا کہ پاکستان کے پاس جنوبی افریقہ کو تقریباً 150 تک محدود رکھنے کا شاندار موقع تھا لیکن دفاعی انداز اپنانے کی وجہ سے پرو ٹیز نے 180 سے زائد رنز کا ٹوٹل کھڑا کر دیا۔ انہوں نے نوجوان سپنر سفیان مقیم کو اٹگر کا آخری اوور دینے پر کپتان محمد رضوان کی حکمت عملی پر سوال اٹھایا کہ مشکل حالات میں نوجوان کو گیند تھما دی جس کی وجہ سے وہ پریشر میں آئے۔

خواجہ افتخار ٹینس چیمپئن شپ: کوالیفائرز مین ڈرا مکمل

لاہور (سپورٹس رپورٹر) خواجہ افتخار احمد میموریل انٹرنیشنل ٹینس چیمپئن شپ 2024 کے مردوں کے سنگلز اور بوائز انڈر 18 سنگلز کی فائنل کوالیفائنگ راؤنڈز مکمل ہو گئے۔ زبردست مقابلوں کے بعد مین ڈرا کی لائن اپ مکمل ہو گئی ہے، جو 16 دسمبر کو اسپورٹس بورڈ پنجاب ٹینس کورٹس بشیر پارک اسپورٹس کمپلیکس لاہور میں شروع ہوگا۔ مردوں کے سنگلز کوالیفائرز میں، عمران بھٹی نے مہیر ٹنکر کو 7-6 (7-4)، 6-10، 6-1 سے شکست دی۔ فیضان فیاض نے ایم شوال عظیم کو 6-0، 6-0 کے سکور کے ساتھ آؤٹ کلاس کیا، جبکہ عزمت علی رضوان نے زلان خان کے خلاف 6-3، 6-0 سے کامیابی حاصل کی۔ دیگر کامیاب کوالیفائرز میں ایم یحییٰ شامل تھے، جنہوں نے ایم محسن حسن کو 6-0، 6-0 سے شکست دی، اور احمد رضا، جنہوں نے یاسر سلیم کے خلاف 6-2، 6-0 سے کامیابی حاصل کی۔ عبدالباسط نے سخت مقابلے کے بعد سکندر حیات کو 7-5، 7-4، 6-5 سے شکست دی۔ احمد چوہدری اور عثمان رفیق نے بھی شاندار جیت کے ساتھ اگلے راؤنڈ میں جگہ بنائی، ان کے سکور بالترتیب 6-2، 6-0، 6-0 اور 6-0، 6-0 رہے۔

ادا کار جاوید حسن کی 15 ویں برسی آج منائی جائے گی

انہوں نے تھیٹر ڈراموں کے علاوہ ٹی وی اور فلموں میں بھی بہترین اداکاری کا مظاہرہ کیا

لاہور (کلچرل رپورٹر) فلم ٹی وی اور تھیٹر کے معروف اداکار جاوید حسن کی 15 ویں برسی آج منائی جائے گی اس موقع پر مرحوم کے بیٹے عدنان جاوید اپنی رہائش گاہ پر قرآن خوانی کا اہتمام کریں گے جاوید حسن نے کیریئر کا آغاز تھیٹر سے کیا سلطان راہی سے مشابہت کی بدولت وہ جلد شائقین کی توجہ کا مرکز بن گئے تاہم انہیں شہرت سٹیج ڈرامہ "بشیر ان ٹربل" سے شہرت ملی۔ انہوں نے سینکڑوں تھیٹر ڈراموں کے علاوہ ٹی وی سکرین اور متعدد فلموں میں بھی بہترین اداکاری کا مظاہرہ کیا انکی مشہور فلموں میں "خیرات" بازار بند کرو اک دن شیر دا دا دہ برچھی دو جی دار قتل تے بہن ہون گے طاقتور اور جن چوہدری شامل ہیں۔ انہوں نے اداکاری کے ساتھ بطور ہدایتکار اور پروڈیوسر بھی خدمات پیش کیا جاوید حسن 16 دسمبر 2009 میں اس جہان فانی سے کوچ کر گئے تھے شوبز سے وابستہ شخصیات نے انکی برسی کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

کسی تعلق سے نہیں، اپنی شناخت چاہتی ہوں: اریج چوہدری

انہیں ڈینی ڈینیئل تمنا بھامیہ، کیارہ اڈوانی اور یامی گوتم کا ہم شکل قرار دیا جاتا ہے

لاہور (شوبز رپورٹر) اداکارہ اریج چوہدری نے کہا کہ اپنی شناخت چاہتی ہوں کسی اداکارہ سے تعلق یا مشکل ہونے کا فائدہ نہیں اٹھانا چاہتی وہ ڈینی ڈینیئل سے متعلق کچھ بھی نہیں جانتی تھیں، ایک دوست کے بتانے پر گوگل کیا تو گوگل پر معلومات دیکھی تو دنگ رہ گئیں اداکارہ نے اس معاملے پر بات کرتے ہوئے مزید کہا کہ انہیں نہ صرف ڈینی ڈینیئل بلکہ دوسری بھارتی اداکاراں کا بھی ہم شکل قرار دیا جاتا رہا ہے، جس سے وہ اتفاق نہیں کرتیں۔ اریج چوہدری کے مطابق انہیں تمنا بھامیہ، کیارہ اڈوانی اور یامی گوتم کا ہم شکل قرار دیا جاتا ہے جب کہ ان کا چہرہ کسی طرح بھی تینوں اداکاراؤں سے نہیں ملتا انہیں اچھا نہیں لگتا کہ لوگ انہیں بھارتی اداکاراؤں کا ہم شکل قرار دیتے ہیں، ان کی الگ پہچان ہے، ان کے چہرے کے خدوخال کسی طرح بھی بولی وڈ اداکاراں جیسے نہیں۔

ایس ایم ایز معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں، شاہد عمران

حکومت ملک بھر میں ایس ایم ایز کو جامع مدد اور سرپرستی فراہم کرے، تاجروں کے وفد سے گفتگو

لاہور (اے پی پی) کنفیڈریشن پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی علاقائی کمیٹی برائے خوراک کے کنوینر شاہد عمران نے کہا ہے کہ پاکستان میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، حکومت ملک بھر میں ایس ایم ایز کو جامع مدد اور سرپرستی فراہم کرے تو کاروبار اور صنعت کو انتہائی تیز رفتاری سے فروغ دیا جا سکتا ہے۔ اتوار کو میاں زاہد اقبال سابق صدر وفاقی صنعت و تجارت کی قیادت میں یہاں ایس ایم ایز کے تاجروں کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایس ایم ایز کو صرف کاروبار کے طور پر نہیں بلکہ پاکستان کے معاشی مستقبل کے انجن کے طور پر دیکھنے کی ضرورت ہے، ان پوٹینشل سے بھرپور استفادہ کیلئے ایس ایم ایز کو صرف مالی اعانت نہیں بلکہ طویل مدتی حکومتی سرپرستی کی ضرورت ہے جس میں مالیاتی خواندگی کو بڑھانے کے لیے ٹارگٹڈ پروگراموں کی ڈیزائننگ، تربیتی ورکشاپس اور ملک بھر میں ایس ایم ای کے لیے مخصوص مشاورتی مراکز کا قیام شامل ہے، بینکوں اور مالیاتی اداروں کو بھی ایس ایم ای دوستانہ فنانسنگ سہولیات فراہم کرنا ہوں گی، ایسی پالیسیاں جو ڈیجیٹل مالیاتی ٹولز اور ٹیکنالوجی کو مربوط کرتی ہیں ایس ایم ایز کو اپنے مالیاتی امور کو بہتر طریقے سے سنبھالنے میں مدد فراہم کر سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں جن کا جی ڈی پی میں حصہ 40 فیصد سے زیادہ ہے۔ شاہد عمران نے کہا کہ بہت سے ایس ایم ای مالکان مالیاتی منصوبہ بندی، بجٹ سازی اور رسمی بینکاری نظام سے رجوع کرتے ہیں مگر انہیں کریڈٹ تک محدود رسائی، وسائل کے غیر موثر استعمال اور ترقی کے محدود مواقع کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

صنعتی شعبے کو ڈیجیٹل معیشت میں تبدیل کیا جائے، افتخار علی ملک

صنعتی آٹومیشن کے لیے مراعات پر مبنی پالیسیوں پر توجہ مرکوز کرنا وقت کی ضرورت ہے

لاہور (اے پی پی) سابق چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق صدر افتخار علی ملک نے پاکستان کے صنعتی شعبے کو ڈیجیٹل معیشت میں تبدیل کرنے کیلئے چین کے اقتصادی ماڈل کو اپنانے پر زور دیا ہے۔ اتوار کو یہاں اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے صنعتی فریم ورک کو جدید بنانے، پیداواری صلاحیت کو بڑھانے اور اقتصادی لچک کو فروغ دینے کے لیے جرات مندانہ اصلاحات اور سٹرٹیجک شراکت داری کی ضرورت ہے، تکنیکی جدت طرازی، مضبوط بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور صنعتی آٹومیشن کے لیے مراعات پر مبنی پالیسیوں پر توجہ مرکوز کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی صلاحیت کو بروئے کار لانے اور عالمی منڈی میں مقابلہ کرنے کے لیے چین کے ماڈل خاص طور پر ڈیجیٹل تبدیلی کے اقدامات کو اپنانے کی ضرورت ہے۔ افتخار علی ملک نے چین کی اقتصادی اصلاحات کے تحت قائم کردہ جدید ٹیکنالوجی اور سہولیات سے آراستہ خصوصی اقتصادی زونز کے قیام کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ انٹرنیشنل شپ کے کلچر کو فروغ دینے، جدید ٹیکنالوجی کو اپنانے اور براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری راغب کرنے کے لیے مراعات دینا ضروری ہے۔ انہوں نے پالیسی سازوں پر زور دیا کہ وہ اگر واقعی قوت میں مہارتوں اور ڈیجیٹل خواندگی کو فروغ دیں تاکہ نوجوانوں کو ٹیکنالوجی کے فروغ دیا جا

1 چیئرمین

2 چیئرمین

3 چیئرمین

4 چیئرمین

5 چیئرمین

6 چیئرمین

7 چیئرمین

8 چیئرمین

9 چیئرمین

10 چیئرمین

11 چیئرمین

12 چیئرمین

13 چیئرمین

14 چیئرمین

15 چیئرمین

16 چیئرمین

17 چیئرمین

18 چیئرمین

19 چیئرمین

20 چیئرمین

21 چیئرمین

22 چیئرمین

23 چیئرمین

24 چیئرمین

25 چیئرمین

26 چیئرمین

27 چیئرمین

28 چیئرمین

29 چیئرمین

30 چیئرمین

31 چیئرمین

32 چیئرمین

33 چیئرمین

34 چیئرمین

35 چیئرمین

36 چیئرمین

37 چیئرمین

38 چیئرمین

39 چیئرمین

40 چیئرمین

41 چیئرمین

42 چیئرمین

43 چیئرمین

44 چیئرمین

45 چیئرمین

46 چیئرمین

47 چیئرمین

48 چیئرمین

49 چیئرمین

50 چیئرمین

51 چیئرمین

52 چیئرمین

53 چیئرمین

54 چیئرمین

55 چیئرمین

56 چیئرمین

57 چیئرمین

58 چیئرمین

59 چیئرمین

60 چیئرمین

61 چیئرمین

62 چیئرمین

63 چیئرمین

64 چیئرمین

گلی محلے یوسیز میں نئی بننے والی پانچ لاکھ خواتین ممبرز کو جماعت اسلامی کی عملی سرگرمیوں میں سمونا ہے، حافظ نعیم الرحمان

منصورہ میں خواتین مرکزی ذمہ داران کی سہ روزہ تربیت گاہ کے دوسرے دن امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن، ثمینہ سعید، ڈاکٹر رخسانہ جبیں، ڈاکٹر شاہد واراثی اور دیگر ذمہ داران کا خطاب

لاہور (بیورو رپورٹ) دین کے پلیٹ فارم پر خواتین کی جدوجہد مؤثر اور مسلسل ہے- مرد و خواتین کی انفرادی و اجتماعی قربانیاں بنگلہ دیش میں انقلاب لائیں- پاکستان میں یہ قربانیاں وطن سے محبت کرنے والوں کے لیے مشعل راہ ہیں- ان خیالات کا اظہار امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے منصورہ میں خواتین مرکزی ذمہ داران کی تین روزہ تربیت گاہ سے خطاب کے دوران کیا- انہوں نے کہا کہ آئین و قانون کی بالا دستی کے بغیر ملک آگے نہیں بڑھ سکتا، حکومت اور اداروں کو اپنی آئینی حدود میں رہ کر کام کرنا ہوگا- اسلامی نظام کا قیام جماعت اسلامی کا نصب العین ہے- جماعت اسلامی ہر موقع پر عوام کی ترجمانی کرتی ہے- حکومت کی جمہوریت کشی اور فسطائیت کے خلاف جماعت اسلامی ہی عوام کی واحد توانا آواز ہے- جماعت اسلامی عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ اہل غزہ و فلسطین میں مسلمانوں کی نسل کشی جاری ہے اور عالمی طاقتیں اسرائیلی افواج کو مکمل تحفظ فراہم کر رہی ہیں، ہر روز بمباری کر کے فلسطینیوں کو شہید کیا جا رہا ہے- ظالم کے خلاف آواز اٹھانا ہر مسلمان مرد اور عورت پر لازم ہے- جماعت اسلامی 29 دسمبر کو اسلام آباد میں اہل غزہ و فلسطین کے لیے عظیم الشان ملین مارچ کرے گی- ڈپٹی سیکرٹری اور ڈائریکٹر میڈیا یاسل ثمینہ سعید نے اپنے خطاب میں کہا کہ قرآن کا اولین مخاطب انسان ہے جسے اللہ نے اشرف المخلوقات کے ساتھ ساتھ زمین پر اپنا نائب بھی بنایا لہٰذا بہترین فردوہ ہے جو اپنی ساری زندگی قرآن کے سیکھنے سکھانے اور عملی نفاذ کی جدوجہد میں صرف کردے- اس کے ساتھ مدرسہ کو بھی مجسم کردار ہونا چاہیے- پہلے خود عمل کرنے والی ہو- قرآن مجید کو دیگر مضامین سے بڑھ کر زیادہ جدید ٹیکنالوجیز، عملی مہارتوں اور نفس مضمون کی تفہیم کے ساتھ پیش کرنا چاہیے تاکہ سیکھنے والے کا جذبہ شوق بڑھ سکے، سابقہ سیکرٹری جنرل ڈاکٹر رخسانہ جبیں نے کہا کہ اختیارات کا غلط استعمال ذمہ داریوں کی شدید کوتاہی ہے جس کا اللہ کے ہاں شدید محاسبہ ہے- غیر جانبداری سے فیصلے کرنا اور اپنے ملک کو فساد سے بچانا حکومت وقت کی ذمہ داری ہے- اللہ کے دین کا بول بالا کرنے کے لیے قوت، وقت اور بہترین ٹیکنالوجی کا استعمال لازم ہے، آفاق کے ڈائریکٹر ڈاکٹر شاہد واراثی نے کہا کہ ہماری تمام صلاحیتیں اللہ کے نظام کی حکمرانی کے لیے ہونی چاہیے- نوجوانوں کی ذہن سازی کے لیے حکمت عملی اور مقاصد کو پیش نظر رکھیں- سسٹم میں باصلاحیت لوگوں کی تلاش کے لیے حکمت عملی وضع کرنا ضروری ہے-

ڈیٹا فار ڈیولپمنٹ سمپوزیم: ترقی کے نئے افق کی جانب قدم: روبینہ خورشید

ڈیٹا پالیسی کی بنیاد ہے، درست، بروقت اور مضبوط ڈیٹا کے بغیر کسی بھی مسئلے کا مؤثر حل ممکن نہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کی کوآرڈینیٹر برائے ماحولیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی محترمہ روبینہ خورشید عالم نے کہا ہے کہ ڈیٹا فار ڈویلپمنٹ منصوبہ ایک انقلابی قدم ہے جو ترقی کے میدان میں ایک نیا زاویہ لے کر آیا ہے جس میں ملک بھر کے عوامی اداروں کے متعلقہ سٹیک ہولڈرز کو یکجا کیا جا رہا ہے۔ وہ یہاں پالیسی ادارہ برائے پائیدار ترقی (ایس ڈی پی آئی) اور اقوام متحدہ کے پاپولیشن فنڈ (U N F P A) کے اشتراک سے منعقدہ دو روزہ ''ڈیٹا فار ڈیولپمنٹ'' (D 4 D) سمپوزیم کے اختتامی سیشن سے خطاب کر رہی تھیں جس میں پائیدار ترقی کے لئے ڈیٹا کے استعمال کے عزم کی تجدید کی گئی تاکہ پاکستان کو سماجی، معاشی اور ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بہتر طور پر تیار کیا جاسکے۔ روبینہ خورشید عالم نے اس سمپوزیم کو پاکستان میں پائیدار ترقی کو فروغ دینے میں ڈیٹا کے کردار کو مضبوط بنانے کی ایک اہم کوشش قرار دیا۔ تقریب میں پالیسی سازوں، ترقیاتی ماہرین اور مختلف اسٹیک ہولڈرز کو مدعو کیا گیا تاکہ ڈیٹا کے جمع کرنے، تحفظ اور استعمال سے متعلق چیلنجز اور مواقع پر تبادلہ خیال کیا جاسکے۔ روبینہ خورشید عالم نے ڈیٹا کو نظامی مسائل کے حل میں کلیدی حیثیت کا حامل قرار دیتے ہوئے زرعی شعبے میں ڈیٹا پر مبنی پالیسیوں کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈیٹا کسی پالیسی کا ضمنی پہلو نہیں بلکہ اس کی بنیاد ہے۔ درست، بروقت اور مضبوط ڈیٹا کے بغیر کسی بھی مسئلے کا مؤثر حل ممکن نہیں۔ انہوں نے پاکستان کے ماحولیاتی تبدیلی کے خدشات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ قابل اعتماد ڈیٹا کی کمی اکثر فیصلہ سازی میں رکاوٹ بن جاتی ہے۔ انہوں نے معاشی استحکام پیدا کرنے اور موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ڈیٹا پر مبنی طریقہ کار اپنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ روبینہ خورشید نے سول سوسائٹی اور میڈیا کی خدمات کو بھی سراہا، جنہوں نے ڈیٹا کی اہمیت کو اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ معلومات پر مبنی ڈیٹا فیصلہ سازی کے عمل کو بہتر بنا کر ملک کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کرے گا۔ تقریب کے دوران محترمہ روبینہ خورشید عالم کو ان کی خدمات کے اعتراف میں ایک اعزازی شیلڈ پیش کی گئی۔ اقوام متحدہ کے پاپولیشن فنڈ کی اسسٹنٹ نمائندہ ڈاکٹر روبینہ علی نے ترقی پذیر ممالک میں ڈیٹا مینجمنٹ کی صلاحیتوں کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈیٹا کا جمع کرنا، اس کا تحفظ اور مؤثر استعمال ترقی کے لئے ضروری ہنر ہے۔ انہوں نے ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز بالخصوص مصنوعی ذہانت (A I)، کی انقلابی صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ مصنوعی ذہانت دنیا کو ایسے انداز میں بدل دے گی جس کا انسان تصور بھی نہیں کر سکتا، اور ہمیں اس کے لیے تیار رہنا ہوگا۔ ڈاکٹر علی نے وزیراعظم کی معاون خصوصی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کی غیر متزلزل حمایت کو سراہا۔ اس موقع پر ایک مختصر دستاویزی فلم بھی پیش کی گئی۔ ایس ڈی پی آئی کے ڈپٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر ساجد امین جاوید نے تمام شرکا اور سٹیک ہولڈرز کا شکریہ ادا کیا۔

ساہیوال، جوگی چوک ٹرانسپورٹ یونین بنادی گی

آئے دن ٹرانسپورٹر کے لے کوئی نہ کوئی مسئلہ بن جاتا ہے تو اس کا حل بھی اس یونین کے طور حل ہوگا

ساہیوال (رانا محمد سعید) جوگی چوک ٹرانسپورٹ یونین ساہیوال ،چیئرمین مہر محمد اکرم ، وائس چیئرمین طارق محمود، صدر محمد یوسف بلال اوڈھ راجپوت، نائب صدر حاجی مصطفیٰ ،سینئر نائب صدر حافظ الرحمان مغل، جنرل سیکرٹری چوھدری طیب انور، ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی وحید، فنانس سیکرٹری وحید احمد گجر، ڈپٹی فنانس سیکرٹری امان اللہ بلوچ، سپیکر محمد ندیم، ڈپٹی سپیکر سجاد حسین ،انفارمیشن سیکرٹری اعجاز احمد، میڈیا کوارڈینیٹر حاجی رفیق جوگی چوک ٹرانسپورٹ یونین ساہیوال میں ہوئی جس میں جوگی چوک ٹرانسپورٹ یونین کے صدر محمد یوسف بلال اوڈھ راجپوت نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں اس یونین کے لئے دن رات کام کروں گا اور ان کے جو بھی مسئلہ ہوگا میں ان کے ساتھ کھڑا ہو کر شانہ بشانہ مسئلہ کا حل کروں گا اور اس یونین کو پورے پاکستان تک لے کر جاوں گا نائب صدر حاجی مصطفیٰ نے بھی اپنے بیانات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ جو جوگی چوک ٹرانسپورٹ یونین بنائی گی ہے یہ بہت اچھا کام کر رہے ہیں اس یونین کا ہونا بہت ضروری تھا سارے ٹرانسپورٹر کے لیے بہت فائدہ مند ہیں سینئر نائب صدر محمد حفیظ الرحمان مغل نے بھی یہ بات کی کہ یہ جو یونین بنائی گی ہے یہ بہت اچھا اقدام ہے آئے دن ٹرانسپورٹر کے لے کوئی نہ کوئی مسئلہ بن جاتا ہے تو اس کا حل بھی اس یونین کے طور حل ہوگا باقی سارے یونین کے ممبرز نے مل کر کام کرنے کا عہد کی وائس چیئرمین طارق محمود نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم ٹرانسپورٹر بھی ملک کا سرمایہ ہے مجھے تو بہت خوشی ہوئی ہے کہ یہ یونین بنی ہے ہم سب مل کر اس یونین کے ساتھ مل کر کام کرے گے

سنگین مشکلات میں گھری پارہ چنار کی عوام کے لیے ائیر ایمبولینس کا اہتمام

زہرا اکیڈمی پاکستان کی جانب سے ادویات کی بڑی کھیپ لیکر پارہ چنار پہنچے گی، علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی نقوی کی ہدایت پر شیعہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی کی خصوصی کاوشوں اور اعلیٰ سطحی رابطوں کے بعد پارہ چنار کی عوام کے لیے ائیر ایمبولینس کا اہتمام، جو آئندہ ایک دو روز میں زہرا اکیڈمی پاکستان کی جانب سے ادویات کی بڑی کھیپ لیکر پارہ چنار پہنچ رہی ہے جو مریضوں کے لیے ادویات کو باہم پہنچانے کے علاوہ وہاں سے مریضوں کو پشاور لانے کے فرائض بھی انجام دے گی، ادویات کی فراہمی کے موقع پر شیعہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی نے صحافیوں سے گفتگو میں کہا کہ ضلع کرم میں امن و امان کے لیے کی جانے والی کاوشوں کا ثمر آور ہونا ناگزیر ہے اور مکمل قیام امن تمام پاکستانیوں کے لیے نیک شگون ہوگا۔ انہوں نے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ رب العزت ملک بھر کی طرح ضلع کرم میں بھی امن و امان کی فضاء کو برقرار رکھے اور عوام کو بھی ملک و ملت کے وسیع تر مفاد کے لیے اتحاد و وحدت کے ذریعے امت مسلمہ وطن عزیز پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی نقوی نے امن و امان کے قیام کی خصوصی کاوشوں کی طرح وہاں کی عوام کی طبی امداد کے لیے بھی بھرپور اقدامات کیے ہیں، جہاں چھیاسٹھ دنوں سے راستے بند ہونے کی وجہ سے غذائی اشیاء سمیت ادویات کی شدید قلت پیدا ہوگئی ہے، حالات کی سنگینی کو پیش نظر رکھتے ہوئے آئندہ ایک دو روز میں ائیر ایمبولینس ادویات کی بڑی کھیپ پارہ چنار لے کر جائے گی، تاکہ مشکلات میں گھری عوام کو ریلیف ملے۔

کیپٹل یونیورسٹی کا نوکیشن بارہ سو گریجویٹس 33 پی ایچ کو ڈگریاں ایوارڈ کر دی گئیں

مہمان خصوصی عاکف سعید صدارت سہیل افضل میزبان وائس چانسلر ڈاکٹر منصور تھے

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) کیپٹل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا کانوکیشن کنونشن سینٹر میں منعقد ہوا بارہ سو گریجویٹس 33 پی ایچ ڈی ڈگریوں ایوارڈ کی گئیں نمایاں کارکردگی پر 72 طلباء و طالبات کو سونے چاندی اور کانسی کے میڈل دیئے گئے مینجمنٹ سائنسز، الیکٹریکل سول مکینکل کمپیوٹر سافٹ ویئر انجینئرنگ، پروجیکٹ مینجمنٹ کمپیوٹر سائنس بائیو انفارمیٹکس بائیو ٹیکنالوجی بائیو سائنسز مائیکرو بائیالوجی ڈاکٹر آف فارمیسی کے شعبے شامل تھے مہمان خصوصی چیئرمین سکیورٹی ایکسچینج کمیشن عاکف سعید صدارت ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر سہیل افضل جبکہ میزبان وائس چانسلر ڈاکٹر منصور احمد تھے مقررین نے خطاب میں کہا کہ تعلیم ملکی اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کرتی ہے ہمیں پڑھی لکھی قوم بن کے ابھرنا ہوگا پاکستان میں شرح خواندگی میں اضافہ ہی اس کی ترقی کی چابی ہے موجودہ جدید ٹیکنالوجی کے دور میں نوجوانوں کو اسی کے شعبوں میں قابلیت کے جوہر دکھانا ہوں گے ڈاکٹر منصور نے خطبہ استقبالیہ میں بتایا کہ کیپٹل یونیورسٹی میں بائیر ایکویکیشن کمیشن کے مطابق نصابی اصطلاحات پر عمل درآمد کرتے ہوئے بہترین ماحول فراہم کیا جاتا ہے اور نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کو ہر شعبہ میں سکالرشپ بھی دی جارہی ہیں انہیں فخر حاصل ہے کہ کیپٹل یونیورسٹی کا نام پاکستان کی اول یونیورسٹی میں آچکا ہے ہونہار طالبہ خدیجہ اقبال نے مجموعی کارکردگی پر جناح گولڈ میڈل اپنے نام کیا

لاہور پولیس صوبائی دارلحکومت میں اقلیتوں کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس صوبائی دارلحکومت میں اقلیتوں کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے۔امن و امان کی فضاء برقرار رکھنے کیلئے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران نے کرسمس اور نئے سال کے پیش نظر گرجا گھروں کے اطراف میں نگرانی بڑھائی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی پلان کے تحت 1700 سے زائد جوان گرجا گھروں کی سیکورٹی پر تعینات کیے گئے ہیں۔گرجا گھروں میں واک تھرو گیٹس اور میٹل ڈیٹیکٹرز کے استعمال سے داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ یقینی بنائی گئی۔فیصل کامران نے کہا کہ کرسمس اور نئے سال پر چند جرائم پیشہ عناصر متحرک ہو جاتے ہیں جن کے تدارک کے لیے افسران تمام گرجا گھروں کی انتظامیہ سے مکمل رابطے میں رہیں۔حساس گرجا گھروں میں پولیس کی اضافی نفری اور سنائپرز بھی تعینات کیے جائیں۔

تھانہ تبسم شہید، صدر خان پور اور تھانہ ظاہر پیر پولیس کی کارروائیاں

رحیم یار خان (بیورو رپورٹ) سرکل پولیس افسران لیاقت اور خان پور کی نگرانی میں ایس ایچ اوز اور ان کی ٹیمز کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، پہلی کارروائی میں تھانہ تبسم شہید پولیس کے شہباز نواز نے دیگر پولیس پارٹی کے ہمراہ دوران گشت مخبر کی اطلاع پر کلر والا پل کے قریب سے ملزم عبدالقدیر پنوار کو پسٹل تیس بور اور تین روند سمیت حسب ضابطہ گرفتار کر لیا، دوسری کارروائی میں تبسم شہید پولیس کے اے ایس آئی نے پیشہ وارانہ مہارت سے شہری گلشیر کا چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر لیا، تیسری کارروائی میں تھانہ ظاہر پیر پولیس کے اے ایس آئی ابوبکر نے ڈکیتی کے مقدمہ میں ملوث زیر تفتیش ملزم صدام حسیم کے انکشاف پر واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز پسٹل تیس بور اور تین روند برآمد کر لیے، چوتھی کارروائی میں تھانہ صدر خان پور کے اے ایس آئی عبدالجبار نے دیگر پولیس پارٹی کے ہمراہ دوران گشت مخبر سے اطلاع پاکر ملزم بشیر لہانہ کو 50 کپی بوتل شراب سمیت حسب ضابطہ رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا، پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرتے ہوئے مزید قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا۔

استاد کی عزت و وقار کے بغیر قومیں ترقی نہیں کر سکتی، پروفیسر احمد بلال

نٹڈو آدم (بیورو رپورٹ) تنظیم اساتذہ پاکستان ضلع سانگھڑ کا اجتماع ارکان زیر صدارت پروفیسر احمد بلال غوری صدر تنظیم اساتذہ ضلع سانگھڑ منعقد ہوا۔ تنظیم اساتذہ ضلع سانگھڑ کے اجتماع ارکان کے موقع پر تین نئے ارکان محمد ادیب عالم، عمران عزیز غوری اور عبدالواحد قریشی نے تنظیم کی رکنیت کا حلف اٹھا کر تنظیم اساتذہ ضلع سانگھڑ کے رکن بن گئے۔ نئے ارکان سے رکنیت کا حلف صوبائی سیکرٹری نشر و اشاعت تنظیم اساتذہ مشرف کریم نے لیا۔ پروفیسر احمد بلال غوری صدر تنظیم اساتذہ ضلع سانگھڑ اور سیکرٹری مظفر علی بہلم نے سیشن 2024 کی سالانہ رپورٹ پیش کی۔ بعدازاں پروفیسر احمد بلال غوری نے ارکان سے خطاب کرتے ہوئے کہا تنظیم اساتذہ پاکستان اساتذہ کی ملک گیر تنظیم ہے جسمیں گورنمنٹ و پرائیویٹ جامعات سے لیکر پرائمری اسکول تک کے اساتذہ 2 بیک وقت ایک چھتری تلے جمع ہیں تنظیم اپنے منفرد نصب العین اور مضبوط نظریاتی بنیادوں پر مصروف عمل ہے جو اساتذہ کے حقوق اور فرائض کی انجام دہی کے لیے کام کر رہی ہے۔ تنظیم اساتذہ ضلع سانگھڑ اساتذہ کے مسائل کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھاتی رہی ہے

اسلام آباد، ڈی پی او اسماعیل کھاڑک نے کرائم کنٹرول بارے اور پولیس کارکردگی کا جائزہ لینے کے سلسلہ میں میٹنگ کی صدارت کی

میٹنگ میں ایس پی انوسٹی گیشن شبیر احمد وڑائچ، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز و دیگر پولیس افسران کے شرکت کی

اسلام آباد (ثاقب خان کھٹڑ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسماعیل کھاڑک نے کرائم کنٹرول بارے اور پولیس کارکردگی کا جائزہ لینے کے سلسلہ میں میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں ایس پی انوسٹی گیشن شبیر احمد وڑائچ، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز و دیگر پولیس افسران نے شرکت کی۔ ڈی پی او نے پولیس کی کارکردگی کا تفصیل سے جائزہ لیا اور کرائم کی شرح میں کمی کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر گفتگو کی۔ دوران میٹنگ ڈی پی او اسماعیل کھاڑک نے پولیس افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ مجرمانہ سرگرمیوں کے خلاف مزید مؤثر اقدامات کریں تاکہ عوام میں احساس تحفظ کو فروغ دیا جا سکے، تمام آفیسرز زیر تفتیش مقدمات کو یکسو کرنے کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کریں، پینڈنگ چالان جلد از جلد میرٹ پر یکسو کر کے عدالتوں میں بھجوائیں تاکہ ملوث ملزمان کو عدالتوں سے قرار واقع سزا دلوائی جا سکے، سنگین مقدمات میں پراگرس روزانہ کی بنیاد پر ممکن بنائی جائے، ریکوری کی شرح بہتر بنانے کیلئے مزید موثر حکمت عملی اپنائیں اور گرفتار گینگز سے سو فیصد ریکوری یقینی بنائیں، تفتیش میں کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ان ٹریس مقدمات کو ٹریس کریں، ملزمان کو فوری گرفتار اور انصاف و میرٹ کو یقینی بنائیں، جرائم پیشہ عناصر، مجرمان اشتہاری، منشیات فروشوں، عادی مجرمان اور ناجائز اسلحہ مافیا، قبضہ مافیا اور منشیات کا مکروہ دھندہ کرنیوالوں کے خلاف گھیرا تنگ کریں اور زیادہ سے زیادہ کاروائیاں عمل میں لائیں۔ انہوں نے فرنٹ ڈیسک کے سلسلہ میں بھی ہدایات جاری کیں اور کہا کہ فرنٹ ڈیسک کے عملہ سے مکمل تعاون کیا جائے ہر آنے والے کمپلینٹ کو فرنٹ ڈیسک پر بھیجا جائے تاکہ کمپلینٹ کی دادرسی جلد از جلد ممکن ہو سکے۔

مظفر گڑھ، وزیر اعلیٰ پنجاب نے میرے حلقہ کے لیئے ڈیڈھ ارب کے فنڈز فراہم کر کے عوام سے محبت کا ثبوت دیا ہے،

قیاتی منصوبوں پر کرپشن برداشت نہیں کرونگا، رانا عبدالمنان ساجد

مظفر گڑھ (ڈسٹرکٹ رپورٹر آئیڈیل پاکستان نازک حسین خان غزلانی) وزیر اعلی پنجاب نے میرے حلقہ کے لیئے ڈیڈھ ارب کے فنڈز فراہم کر کے عوام سے محبت کا ثبوت دیا ہے، ترقیاتی منصوبوں پر کرپشن برداشت نہیں کرونگا، حکومت کی بدنامی کا باعث بننے والے افسران کو اپنا قبلہ درست کر لیں، وطن کی آبرو کے پیچھے پاک فوج کے غازیوں کا لہو چمک رہا ہے سات ہزار فٹ کی بلندیوں پر کھڑا فوجی جوان ہمارا ہیرو ہے، ان خیالات کا اظہار، رکن صوبائی اسمبلی رانا عبدالمنان ساجد نے رانا عمیر یاسین کی رہائش گاہ پر عمائدین علاقہ، رانا محمد یونس، سیٹھی نذر محمد خان، رانا عرفان جعفر ایڈووکیٹ، رانا عرفان جمشید، راؤ اخلاق انجم، راؤ محمد عثمان، راؤ اسامہ اشفاق، ملک عابد محمود، رانا ممتاز علی ایڈووکیٹ، رانا شبیر احمد، رانا دلشاد احمد، سہیل غوری، سے ملاقات میں کیا انہوں نے کہا کہ حلقہ میں سب سے زیادہ میگا پراجیکٹ مکمل کیئے جائیں گے، وزیر اعظم میاں شہباز شریف اور وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز نے میرے حلقہ کے لیئے فنڈز فراہم کر دیئے ہیں، انہوں نے کہا کہ جو لوگ پاک فوج کے خلاف بازاری زبان استعمال کرتے ہیں وہ پاکستان سے کبھی مخلص نہیں ہو سکتے ہماری آزادی کے پیچھے پاک فوج کے غازیوں کی قربانیاں ہیں جن کی قیمت ہم ادا نہیں کر سکتے، پاک فوج کے شہداء پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہیں،

کراچی انٹر ڈسٹرکٹ ٹگ اف وار چیمپین شپ کی افتتاحی تقریب

کراچی ہاکی کلب میں رسہ کشی کے مقابلوں میں گرلز اور بوائز کی ٹیموں کی شاندار کارکردگی

کراچی (فدا حسین پنہور) سندھ ٹگ آف وار ایسوسی ایشن کی جانب سے کراچی ہاکی کلب کے خوبصورت اسٹیڈیم میں آل کراچی انٹر ڈسٹرکٹ ٹگ آف وار چیمپین شپ کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی جس میں کراچی کیماڑی ڈسٹرکٹ کی گرلز اور بوائز کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی محمد اصف ڈائریکٹر ٹریننگ پروفیشنل میری ٹائم ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ انسٹیٹیوٹ کراچی تھے۔ انٹر ڈسٹرکٹ رسہ کشی کے مقابلوں کی صدارت احمد علی راجپوت سیکرٹری جنرل سندھ اولمپک ایسوسی ایشن نے کی گرلز کی ڈسٹرکٹ ایسٹ، ڈسٹرکٹ کیماڑی، ڈسٹرکٹ سینٹرل اور ڈسٹرکٹ ساوتھ نے سیمی فائنل کے لیئے کوالیفائی کیا جبکہ بوائز ٹگ آف وار کا پہلا سیمی فائنل ڈسٹرکٹ ایسٹ اور ڈسٹرکٹ کورنگی کے مابین کھیلا جائیگا جبکہ دوسرا سیمی فائنل ڈسٹرکٹ سینٹرل اور ڈسٹرکٹ کیماڑی کے درمیان کھیلا جائے گا۔ گلفراز احمد خان صدر سندھ ٹگ اف وار ایسوسی، جاوید اقبال جنرل سکریٹری سندھ، محسن علی خان صدر کراچی ٹگ آف وار اور سماجی رہنما جیتر مین خدمت عوام ویلفیئر آرگنائیزیشن زاہد رحیم کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیئے موجود تھے۔ راجہ عبدالحمید سینیر نائب صدر کراچی چوھدری تنویر ارشد جوائنٹ رانا مشتاق احمد نائب چیئرمین نصرت حسین محمد ہارون سید فرحان الدین محمد شاہد اصغر علی محمد ندیم نے تمام تر انتظامات سنبھالے ہوئے تھے اور شاہزیب رضا علی نعمان مظہر راجہ انور کمال محمد زمان طارق خان خالدہ ناز ڈاکٹر فرحا فہمیدہ ضمیر مس قمر مسز مشیدہ نائلہ سلاوٹ صنوبر کاظمی نادیہ گھانچی ذرقا روبی بشر عمران حمیرہ صدیقی عظما شہناز مظہر نایاب چودری جویریہ احمد اس موقع پر موجود تھے۔

ریونیو بورڈ کے احکامات پر 100 فیصد عمل درامد کیا جائے گا۔، چوھدری منور حیات

کھیوٹ ان بلاک کا پراسس جلد مکمل کر لینگے۔ تحصیلدار چوھدری شفقت محمود کی نگرانی میں عوام کو ریلف دینے کا سلسلہ جاری ہے

اسلام آباد (ثاقب خان کھٹڑ) اے ڈی ایل ار فتح جنگ چوھدری منور حیات نے کہا ہے کہ ریونیو بورڈ کے احکامات پر 100 فیصد عمل درامد کیا جائے گا۔ کھیوٹ ان بلاک کا پراسس جلد مکمل کر لینگے۔ تحصیلدار چوھدری شفقت محمود کی نگرانی میں عوام کو ریلف دینے کا سلسلہ جاری ہے۔ فتح جنگ کے اراضی سنٹرز پر میرٹ اور شفافیت کو برقرار رکھا گیا ہے۔ کرپشن کو جڑ سے اکھاڑ دیا ہے۔ ٹاوٹ مافیا کا داخلہ ممنوع ہے۔ کرپشن میں ملوث تین اھلکاروں کو سزا ملی خصوصی تعاون کیلئے چوھدری شفقت محمود کے شکر گزار ہیں جن کے ساتھ کام کرنا میری زندگی کا بہترین تجربہ ہے سید منور حیات نے کیا حکومت برطانیہ نے اپنے وسائل میں خاطر خواہ اضافہ کے لیے محکمہ مال کی ازسرنو تشکیل کرنے کے لیے خصوصی توجہ دی اور 187ء میں لینڈ ریونیو ایکٹ نافذ کیا۔ پیمائش اور حقوق اراضیات کے لیے مسلسل بندوبست کرنے کی بنیاد رکھی اور اس سلسلہ میں قانون مالیہ اراضی پنجاب یکم نومبر 1887ء سے نفاذ پذیر ہوا۔ حکومت برطانیہ کا دور ختم ہوا۔ 14 اگست 1947ء کو مملکت خداداد پاکستان معرض وجود میں آئی۔ اسلامی مملکت کے بنیادی تقاضوں کے تحت سال 1951ء میں شریعت ایکٹ نافذ ہوا۔ تاہم صوبہ پنجاب میں قانون مالیہ اراضی پنجاب 1887ء ہی مختلف ترامیم کے ساتھ نافذ العمل رہا۔ حتی کہ مابعد کی زرعی، معاشرتی اور اقتصادی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے قانون مالیہ اراضی 1967ء مرتب ہو کر یکم جنوری 1968ء سے نافذ کیا گیا۔ اس مختصر تاریخی پس منظر کے بعد حالیہ دور میں لینڈ ریکارڈ مینجمنٹ کے حوالے سے دیکھا جائے تو یہ ایک طویل اور کٹھن سفر تھا۔ جس کے بارے میں عمومی رائے تھی کہ یہ کام ناممکن ہے۔ جسے شاید ہی کبھی حقیقت میں بدلا جا سکے گا۔ لینڈ ریکارڈ سنٹر دنیا کا شفاف اور جدید نظام ھے۔ ریکارڈ میں موجود بے ضابطگیوں کو دور کرنے کے ساتھ ساتھ ایک ایک ورق کو سکین کرنے کے بعد کمپیوٹرائز کیا گیا۔ اس تمام ڈیٹا کو سٹور کرنے کے لیے میگا ڈیٹا سٹوریج سنٹرز قائم کیے گئے جس میں 60 TB لینڈ ریکارڈ ڈیٹا محفوظ کیا گیا ہے۔ اس لحاظ سے ایک ڈیٹا سنٹر لاہور میں قائم ہے جبکہ دوسرا ڈیٹا سنٹر اسلام آباد میں قائم کیا گیا۔ کسی حادثے کی صورت بیک اپ ڈیٹا سنٹر کیساتھ سارے سسٹم کو چند لمحوں میں منسلک کیا جاسکتا ہے۔ پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی کی ایک بڑی کامیابی کا یہاں ذکر کرنا بے حد ضروری ہے کہ وہ تمام لینڈ ریکارڈ جو پنجاب کی 143 تحصیلوں میں اکٹھا کیا گیا تھا وہ متعلقہ تحصیل اراضی ریکارڈ سنٹرز میں ہی موجود تھا مگر اب اس ریکارڈ کو سنٹرلائز کر دیا گیا ہے اس کامیابی کے ثمرات بہت وسیع ہیں جن میں چند کا ذکر یہاں ضروری ہے۔ چوھدری منور حیات نے بتایا کہ اول تو یہ کہ اب ریکارڈ کے گم ہونے، جلنے اور کسی بھی قسم کی جعل سازی اور غیر قانونی ردوبدل ناممکن بنا دیا گیا ہے۔ پنجاب کے تمام اراضی مالکان کے حقوق ہمیشہ کے لیے محفوظ کر دیے گئے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ تمام لینڈ ریکارڈ سنٹرز لائز ڈ ہونے کی وجہ سے رحیم یار خان کا رہائشی اپنی متعلقہ تحصیل سے فرد حاصل کرنے کے ساتھ پنجاب کی کسی بھی تحصیل سے جا کر فرد حاصل کر سکے گا یہ ایک انقلابی تبدیلی ہے۔ جو قائد کے اس مملکت خداداد کو ایک فلاحی ریاست بنانے کے خواب کی تعبیر ہے۔ جہاں پنجاب کے قریباً 23000 مواضعات کا ریکارڈ محفوظ کر لیا ہے وہاں سروس ڈیلوری میں بھی ریکارڈ کام کیا ہے۔ سال 2017ء میں 20 لاکھ فردات جاری کی گئیں اور قریباً 23 لاکھ انتقالات کیے گئے جو تخمینہ سے 25% زیادہ ہے۔ پنجاب کی 143 تحصیلوں میں اراضی ریکارڈ سنٹرز کے ساتھ ساتھ مزید فتح جنگ سمیت اراضی ریکارڈ سنٹرز قائم کیے گئے۔ چوھدری منور حیات نے بتایا عوامی مشکلات میں کمی کے لیے تمام اراضی ریکارڈ سنٹرز میں بنک آف پنجاب کے بوتھ قائم کیے گئے تاکہ ون ونڈو آپریشن کے تحت ایک ہی چھت تلے تمام سہولیات پہنچائی جاسکیں۔ انتظار گاہیں کشادہ کی جارہی ہیں، وقت کے ساتھ ساتھ بہتری لائی جائے گی۔ انھوں نے بتایا تحصیلدار فتح جنگ چوھدری شفقت محمود ایک دبنگ افسر ھیں وہ کسی بھی شہری کے ساتھ ناانصافی ہونے دیتے ان کے ساتھ کام کرنا میری زندگی کا شاندار تجربہ ھے ان کے عملی تعاون سے فت